نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بارشوں کے دوران کپاس کے تحفظ کے لیے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور02 مئی2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق محکمہ موسمیات کی پیشن گوئی کے مطابق ملتان،ڈی جی خان، بہاولپور اور بہاولنگر میں 2 تا5 مئی گرد آلود ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔اس لئے کاشتکار بے موسمی بارشوں کے دوران کپاس کی بہتر نگہداشت کے لئے فصل میں زیادہ پانی کھڑا نہ ہونے دیں کیونکہ اس سے نوزائیدہ پودوں کی جڑوں کے سانس لینے اور خوراک بننے کا عمل رک جاتا ہے جس کی وجہ سے گڈیاں اور چھوٹے ٹینڈے گرنا شروع ہو جاتے ہیں اور پیداوار متاثر ہوتی ہے۔ بارش کا پانی کھیت میں 48 گھنٹے سے زیادہ کھڑا رہنے سے پودے مرجھانا شروع ہو جاتے ہیں اس لیے پانی کے نکاس کا فوری بندوبست کریں یا فصل میں کھڑے پانی کو کسی خالی نچلے کھیت میں نکال دیں۔اگر کھیت سے پانی نکالنا ممکن نہ ہو تو کھیت کے دونوں کناروں پر تقریباً10 فٹ لمبا،6فٹ چوڑااور5 فٹ گہرا گڑھا کھود لیں تاکہ بارش کا پانی ان گڑھوں میں جمع کیا جاسکے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ بارش کے بعد زیادہ نمی کی وجہ سے سفید مکھی اور سبز تیلے کا حملہ زیادہ ہو سکتا ہے اس لیے کاشتکار کپاس کی پیسٹ سکاؤٹنگ پر توجہ دیں اور کیڑوں کا حملہ نقصان کی معاشی حد سے زیادہ ہو تو محکمہ زراعت (توسیع) کے مقامی زرعی ماہرین کے مشورہ سے سفارش کردہ زرعی زہروں کا سپرے کریں

☆☆☆☆